یوگانڈا کے وزیر خارجہ کا دورۂ ہند (27 تا 31 جولائی، 2014)

27 جولائی، 2014 (آئی این ایس انڈیا)

1. وزیر خارجہ کی دعوت پر یوگانڈا کے معزز وزیر خارجہ سیم کٹیسا 27 سے 31 جولائی، 2014 تک نئی دہلی کا دورہ کریں گے۔عزت مآب کٹیسا کے وفد میں تین وزاء:وزیر برائے اطلاعات،مواصلات اور ٹیکنالوجی جناب جان نیساسیرا، وزیر مملکت برائے مچھلی پالن جناب روتھ نکابروا، وزیر مملکت برائے سرمایہ کاری جناب ڈاکٹر اجیدرا گیبریل اردرو اور یوگانڈا کی حکومت کے دیگر سینئر اہلکار شامل ہوں گے۔

2. دورے کے دوران مسٹر کٹیسا وزیر خارجہ کے ساتھ بات چیت کریں گے اور وزیر اعظم سے ملاقات کریں گے۔

3. ہندوستان اور یوگنڈا کے درمیان قریبی اور راور دوستانہ تعلقات ہیں۔ہندوستان یوگانڈا کا سب سے بڑا کاروباری پارٹنر ہے اور یوگانڈا میں ہندنژاد آبادی بڑی تعداد میں رہتی ہے جو یوگانڈا کی معیشت اور معاشرے میں اہم شراکت دیتی ہے۔ہندوستان اور یوگانڈا صلاحیت کی تعمیر اور انسانی وسائل کی

ترقی کے میدان میں بھی قریبی تعاون کرتے ہیں۔اس وقت بھاری تعداد میں یوگانڈا کے طلباءاعلی تعلیم کے مختلف ہندوستانی اداروں میں تعلیم حاصل کر رہے ہیں۔ عالمی اورعلاقائی اہمیت کے کئی امور پر بھی دونوں ممالک کے درمیان خیالات میں مماثلت ہے۔

4. وزیر خارجہ کٹیسا کے دورے سے ہند-یوگانڈا تعلقات کو آگے بڑھانے کے لئے ایک نئی رفتار حاصل ہوگی۔

نئی دہلی

27جولائی،2014